چارمینار

CHARMINAR
www.roznamasiasana.com
HYDERABAD : Thursday, 27 June, 2024

روزنامہ سیاسا راشٹریہ
سیاسا

2

حیدرآباد۔27/جون،2024، جمعرات

قتل وخون کے واقعات کو روکنے حکومت موثر اقدامات کرے

فرقہ وارانہ تشدد کا مکمل تدارک ضروری، یونائیٹڈ مسلم فورم کا بیان

حیدرآباد، 26/جون۔ (ایس این پی) یونائیٹڈ مسلم فورم نے شہر حیدرآباد میں قتل وخون کے بڑھتے ہوئے واقعات اور ریاست میں نظم ونسق کی سنگین صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور پولیس سے موثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ فورم نے شہر میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی، شراب نوشی، نشہ آور ادویہ کے چلن کو تشویش سے روکنے کی صلاح دی ہے۔ مولانا مفتی سید صادق علی الدین فہیم (صدر)، مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، مولانا سید شاہ علی اکبر نظام الدین حسینی صابری، مولانا سید شاہ حسن برادر مولانا سید شاہ علی الدین حسینی صابری، مولانا سید شاہ حسین احمد، مولانا مفتی معراج الدین علی ابرار، مولانا سید قتیل رشاد علی، مولانا ابوطالب انصاری، مولانا سید شاہ فضل اللہ قادری المومسوی، مولانا امیر فراہی علی شطاری، جناب ایم اے ماجد، مولانا خواجہ شطاری الدین افتخاری حقانی پاشاہ، مولانا ظفر احمد جمیل حسامی، ڈاکٹر محمد مشتاق، مولانا سرکم پاشاہ تختہ نشین، جناب ضیاء الدین اکرآنکلے، مولانا سید شفیق الدین شطاری کامل پاشاہ، مولانا سید وجی اللہ حسینی، مولانا سید شاہ قطب الدین حسینی صابری، مولانا عبدالغفار خان سلامی، ڈاکٹر نظام الدین، جناب پاشاہ شاہ الدین، جناب فہیم صوفی، جناب محمد شفیع الدین ایڈوکیٹ و دیگر ذمہ داران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ شہر میں قتل کے حالیہ واقعات نظم ونسق کے مسائل کی نشاندہی ہے راہ روی کی دلالت کرتے ہیں۔ غیر سماجی عناصر پر کڑی نظر رکھنے پولیس کے ذمہ داروں آئے حالیہ فرقہ وارانہ واقعات کو لوٹ لینے والے ملزمین کو فوری گرفتار کرتے ہوئے قرار واقعی سزا دلائی جائے۔ فورم نے کہا کہ بقرعید کے موقع پر نام نہاد گاؤ رکھشکوں نے غیر مجاز طور پر قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کی تھی۔ پولیس کی عدم توجہ اور چند فرقہ پرست عناصر کیلئے تھوڑ جوڑ اس واقعہ کی اصل بنیاد ہے۔ لوگ سمجھا کے حالیہ انتخابات میں ریاست کے مسلمانوں نے فرقہ پرست سیاسی طاقتوں کو شکست دینے سخت عملی پر مبنی موقف اختیار کیا تھا۔ فرقہ پرست عناصر جھوٹے دعوی ومفروضات کو بنیاد بنا کر مسلمانوں کو نشانہ بنارہے ہیں۔ فورم نے کہا کہ دادریوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کی تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ ریاست میں کانگریس کو اقتدار میں لانے مسلمانوں کا اہم کردار رہا لیکن ریاستی حکومت مسلمانوں کو با اختیار بنانے اور ان کے جائز حقوق کی فراہمی کیلئے کوئی ٹھوس اقدامات اٹھانے سے قاصر رہی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ کابینہ میں مسلمانوں کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ اوقافی مسائل کا تاحال کوئی جائزہ نہیں لیا گیا۔ وقف بورڈ کا رکارڈ روم کسی مقصد کیلئے بند کیا گیا اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہیے۔ وقف جائیدادوں کے تقریبا مقدمات میں ناکامی پر اسٹینڈنگ کونسل کے اختیاب کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے ورنہ وقف بورڈ اس طرح سے مزید قیمتی جائیدادوں سے محروم ہوسکتا ہے۔ اسمبلی انتخابات سے قبل کانگریس نے جو بیناریز وڈیکلریشن کا اعلان کیا تھا اس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ فورم نے ذمہ داروں سے اپیل کی کہ وہ اپنا حلقوں میں اصلاح معاشرہ کے اقدامات کریں اور جمعہ کے موقع پر خطیب صاحبان آئندہ اس مسائل کی نشاندہی کرے وہ اپنے خطبہ وبیانات میں درپیش ان مسائل کا گہرائی سے احاطہ کریں۔

طلبہ کی ٹی سی نرو کنے تعلیمی اداروں کو حکم

فیس کیلئے ٹی سی کاشن ڈیپازٹ نہیں ہے، ہائی کورٹ کی رولنگ

حیدرآباد، 26/جون۔ (ایس این پی) تلنگانہ ہائی کورٹ نے یہ واضح کیا کہ تعلیمی ادارہ جات ٹی سی اس بنیاد پر نہیں روک سکتے کہ کوئی طالب علم فیس ادا نہیں کیا ہے۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ طلبا ومطالبات کے تعلیمی صداقت نامے ایسی کوئی چیز نہیں ہے کہ ان کو فیس کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے کاشن ڈیپازٹ کے طور پر رکھا جائے۔ عدالت نے بتایا کہ سرٹیفکیٹس طالب علم کی جائیداد ہوتے ہیں۔ اگر فیس کی بازیابی تعلیمی ادارہ جات پیشوں کی وصولی کیلئے مجاز کردہ عدالتوں سے رجوع ہوسکتے ہیں اور روزمرہ زندگی کے طریقے اختیار نہیں کرسکتے۔ فاضل جسٹس وشنو دیشم اور 42 دیگر کی جانب سے دائر کردہ درخواست کی سماعت کرتے ہوئے جسٹس وی لکشمن نے اس شکایت کے ساتھ رجوع ہوئے تھے کہ ضلع پراپالی کے علاقہ گودادری کھنی میں واقع سری سدھارتا اسکول ٹرانسفر سرٹیفکیٹس جاری نہیں کررہا ہے۔ وہ دوسرے اسکول میں داخلہ لینا چاہتے ہیں۔ عدالت نے سری سدھارتا اسکول کو حکم دیا کہ وہ ان طلبہ کو ٹی سی جاری کرے۔

ایپ سیٹ کونسلنگ کا 4/جولائی سے آغاز

حیدرآباد، 26/جون۔ (ایس این پی) تلنگانہ انجینئرنگ، ایگریکلچرایند فارمیسی کامن انٹرنس ٹسٹ (ایپ سیٹ) 2024 کی کونسلنگ کو 27/جون سے شروع ہونے والی تھی کونسل برائے اعلی تعلیم کی جانب سے جاری کردہ نظرثانی شدہ اعلامیہ کے موجب اب اس کا 4/جولائی سے آغاز عمل میں آئے گا۔ کونسلنگ کے پہلے مرحلہ کیلئے بنیادی معلومات کے ادخال، فیس کی ادائیگی، سلاٹ بکنگ اور سرٹیفکیٹس کی جانچ 7/جولائی تا 12/جولائی مقرر ہے۔

فوڈ انسپکٹرس نے گورنمنٹ ویلفیر اسکولوں وہاسٹلوں کا معائنہ کیا

حیدرآباد، 26/جون۔ (نیوز کلب) کشمرہ فوڈ سیفٹی کی ٹاسک فورس ٹیموں نے گزشتہ ہفتہ سارے تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں واقع گورنمنٹ ویلفیر اسکولوں وہاسٹلوں کا معائنہ کیا۔ فوڈ انسپکٹرس نے پکوان کے علاقوں، اسٹور رومس اور پکوان کردہ غذائی اشیا کا جائزہ لیا اور نمونوں کو فوڈ ٹیسٹنگ لیاب آئیمکس گلاری کا استعمال کرتے ہوئے تجزیہ کیا۔ آپریشن کے دوران باورچیوں اور غذائی اشیاء سپرے برائے کرم کے والوں کی مناسب حفظان صحت کے طریقوں کے بارے میں رہبری کی گئی۔ حکومت کی جانب سے چلائے جانے والے ہاسٹلوں میں غذا کے معیار میں بہتری وتحفظ کیلئے ضلع نظم ونسق کے ساتھ تال میل کے ذریعہ ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔

ماہانہ فاتحہ حلقہ ذکر وفیضان حضرت شیر سوارؒ

حیدرآباد، 26/جون (راست) بساوکلیان میں ماہانہ فاتحہ حلقہ ذکر وفیضان حضرت شیر سوارؒ تاریخ 21/ذی الحجہ 28/جون جمعہ احاطہ بارگاہ حضرت خواجہ سید تاج الدین شیر سوارؒ المعروف راجہ باگ سوارؒ میں بعد نماز مغرب درس تصوف میلاد خوانی حلقہ ذکر ہوگا۔

آج سالانہ محفل منقبت حضرت سید نا عثمان غنیؒ

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) مرکز بزم میلاد النبی کے زیر اہتمام سلسلہ شہادت امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ محفل منقبت کا 27/جون بروز جمعرات بعد نماز عشاء 9 تا 11 بجے شب مسجد مرکز گلی بانو تا پیلی میں منعقد ہوگا، اس اجتماع کا سلطنین تحریک اسلامی کی قرأت کلام پاک ونعت رسولؐ سے آغاز ہوگا۔ امیر تحریک اسلامی مفتی محمد آصف جلال قادری کامل جامعہ نظامیہ کا "شان عثمان غنیؓ" پر خصوصی خطاب ہوگا بعد ازاں ذکر جہری ورقت انگیز دعا وجھی، بارگاہ غیر اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نذرانہ سلام پیش کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ جلتے لگائے جائینگے حلقوں میں ملطنین تحریک اسلامی کو مزین ومنور کرنے مختلف دعا میں یاد کروائینگے۔ اسکے بعد قیام الیل ہوگا شرکائے اجتماع رات اعتکاف کی نیت سے سنی مرکز میں قیام کرینگے اور رات کے آخری حصے میں نماز تہجد ادا کی جائیگی۔ اذان فجر کے بعد علاقے میں صدائے تکبیر لگائی جائیگی۔ نماز کے بعد مختصر بیان ہوگا اور اجتماع کے اختتام پر تحریک اسلامی کی دینی ترتیبی قافلہ 3 دن کے سفر کریگا۔ اس اجتماع کے صدر استقبالیہ محمد جاوید رضا قادری ہونگے۔ فرزاندان اسلام سے معہ دوست احباب کے کثیر تعداد میں شرکت اور ترتیبی قافلے میں سفر کی خواہش پر تحریک اسلامی کے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9885112563 پر رابطہ فرمائیں۔

محافل ختم درود ودلائل الخیرات وقصیدہ بردہ

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) مجلس غلامان شیخ الاسلام بان، جامعہ نظامیہ، منوڑا سلیم ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر ٹرسٹ کے زیر اہتمام حیدرآباد، دکن زرد ریلوے برج عیدی بازار حدیقہ محمد گنج گلرکیوں کا پاسل معصد برکات العلوم عربیہ (ملحقہ جامعہ نظامیہ) میں بہ فیض روحانی قاسم تبرات حضرت مولانا محمد حافی الدین انور نقشبندی مجددی قادریؒ آج تاریخ 27/جون بروز جمعرات بعد نماز عصر منعقد ہوگا، شاہ محمد احمد اسلم جاوید نقشبندی (جانع السلاسل) نگرانی کریں گے۔

آج ذکر ودرود وشریف کی محفل

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) بروز جمعرات 9 بجے شب خانقاہ ابوالعلائیہ زندیک چوراہا مصری گنج، ہفتہ واری محفل ذکر ودرود شریف منعقد ہے۔ حضرت مولانا صوفی شاہ محمد نور چشتی ابوالعلائی سرپرستی کریں گے۔ تمام مریدین ومعتقدین سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے۔

آج ماہانہ فاتحہ حضرت ابوذر جاء سید شاہ حسین شہید اللہ بشیرؒ

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) ابوالعلائہ اسلامیہ ریسرچ سنٹر کے شعبہ نشر واشاعت کے مطابق پیر طریقت، رہبر شریعت، حضرت ابوذر جاء سید شاہ حسین شہید اللہ بشیر بخاری تلنگانہ مجددی قادری (خلیفہ حضرت ابوالعلائہ اوّل ابوالعلائہ اسلامیہ ریسرچ سنٹر) کی ماہانہ فاتحہ 27/جون بروز جمعرات کو بعد نماز مغرب مسجد حضرت سید شاہ فیض اللہ حسینی بندہ نوازؒ، شکر گنج حیدرآباد میں مقرر ہے۔ مجلس قصیدہ بردہ، نعت خوانگاہ، ذکر ومراقبہ اور شجرہ خوانی کی نگرانی مولانا ابوذکا سید شاہ خلیل اللہ اویس بخاری تلنگانہ مجددی قادری (خلیفہ جانشین سلسلہ عالیہ نقشبندیہ) کریں گے۔ میر رضوان بیگ نے خواہشمند حضرات، مریدین، و متوسلین وابستگان سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ وقادریہ سے پابندی وقت اس میں شرکت کرنے کی گذارش کی ہے۔

ممتاز عثمانین ومجاہد اردو جناب عارف قریشی دیکر بیری بزم عثمانیہ جدہ کی حیدرآباد آمد پر خیر مقدم

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) بزم کہکشاں حیدرآباد کی اطلاع کے بموجب جناب حلیم بابر بانی وصدر بزم کہکشاں، ڈاکٹر ناظم علی، ڈاکٹر عزیز سہیل، ڈاکٹر ندا رزاق تشکیل زراقی و دیگر ممتاز عثمانین ومجاہد اردو جناب عارف قریشی سیکریٹری بزم عثمانیہ جدہ سعودی عرب کی حیدرآباد آمد پر ان کا خیر مقدم کیا۔ جناب عارف قریشی جو زائد از 30 برسوں سے جدہ سعودی عرب میں مقیم ہیں اور جنہوں نے سعودی عرب میں اردو کی شمع جلائے رکھا ہے اور اردو کی ترقی و بقا کے سلسلہ میں اپنی مسلسل کوشش جاری رکھے ہوئے ہیں، اس طرح انہوں نے حیدرآبادیوں کا مقام بھی بلند کیا ہے۔ مختلف عثمانیہ بزم ہائے جدہ کے زیر اہتمام جلسوں اور مشاعروں کا انعقاد عمل میں لاتے ہیں اور بالخصوص 15/ اگسٹ یوم آزادی ہند پر ہر سال ایک سنیر کی رسم اجرا و تقسیم جنرل کے ہاتھوں عمل میں لاتے ہیں جس میں معیاری مضامین شامل ہوتے ہیں جو کافی معلومات بھی دیتے ہیں، شائع کرتے ہیں جو ایک مستحسن اقدام ہے۔ ممتاز و نامور شعراء و ادبا کی جدہ آمد پر تشہیری تقریب بھی منعقد کرتے ہیں جو ادب و سماج کی ایک بہترین مثال ہے۔ بقائے اردو کے لیے مجاہدانہ اقدامات پر جناب عارف قریشی قابل مبارکباد ہیں۔ امید ہے کہ وہ سعودی عرب میں اردو کی بقا وتحفوظیت میں اضافہ کرتے رہینگے اور حیدرآباد ان پر ناز کرتا رہیگا۔

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن GHMC
سیور نٹنڈنگ انجینئر۔ سکندرآباد زون۔ ای پروکیورمنٹ نوٹس
Short NIT No.01/SE(M)Sec-bad Zone/GHMC/2024-25 Dated : 25-06-2024

سلسلہ	ای آر پی نمبر	تخمینی لاگت	بیعانہ	رسید حاصل کرنے کی تاریخ اور وقت	آخر رسید جمع کرنے کی تاریخ اور وقت	آفیسر جاری کنندہ
1	06/SE(M)/Sec-bad Zone/GHMC /2024-25 25-06-2024	2055.50 لاکھ روپے	41.14	26-06-2024 تا 03-07-2024	26-06-2024 تا 03-07-2024	سکندرآباد زون کی انچارج ہیلتھ آفیسر 9889930374
		178.00	3.60			

حرف تفصیلات کیلئے ای پروکیورمنٹ پورٹل ویب سائیٹ https://tender.telangana.gov.in ملاحظہ کریں۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر سکندرآباد زون، ای این سی ایس
R.O.No.1131-PP/CL/ADVT/1/2022-23

مسلمان اپنے دین سے جذباتی لگاؤ اور حقیقی رابطہ رکھیں

ضلع عثمان آباد کے مختلف مقامات پر مولانا غیاث احمد شادی کے خطابات

حیدرآباد، 26/جون۔ (ایس این پی) سنی بھی کام وعام طور پر خطاب فرمایا۔ اس خطاب کی تکمیل پر 5 مراکز نسواں کی تشکیل عمل میں آئی۔ 24/جون کو مولانا غیاث احمد رشادی کی معیت میں شولاپور کے کارکنان تحریک کے علاوہ مزید مقامی علماء کرام سے رابطہ بھی رہے اور صبح 11 بجے ٹاس اسٹاد مسجد عثمان آباد میں شہر عثمان آباد کے علماء کرام، ائمہ عظام اور حفاظ کی مجلس سے مولانا غیاث احمد رشادی صاحب کا پرمغز اور کلیدی خطاب رہا جس کے دوران مولانا غیاث احمد رشادی نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا کہ ایک عالم اپنی ذات میں ایک آدمی نہیں بلکہ ایکڈمی ہے اور وہ ایکڈمی کی حیثیت سے کام کرسکتا ہے بشرطیکہ وہ اپنی خوابیدہ صلاحیتوں کو بروئے کار لائے۔ بعد ازاں ظہر مولانا آزاد ہال سانچہ میں مولانا رمضان صاحب کا مستورات میں خطاب ہوا۔ مراکز نسواں کی اہمیت اور ان کا قیام وقت کا تقاضہ ہونے پر توجہ دلائی گئی۔ بعد عصر عثمان آباد کے مشہور ادارے مدرسہ فلاح دارین کا بھی دورہ ہوا اور وہاں بھی مولانا نے بچوں سے بات چیت کی اور دینی سوالات کے اور جوابات دینے والوں کی حوصلہ افزائی کی۔ نیز ایک ادارے کے مہتمم مولانا عمران صاحب قاسمی کو عالم فہم درس قرآن کا ایک سیٹ تحفتاً پیش کیا اور دوسرے ادارے مدرسہ کاشف العلوم کا دورہ ہوا اور وہاں بھی بچوں سے دینی سوالات کئے گئے اور طلبۂ کرام کو انعامات سے نوازا گیا اور عشنہ فاطمہ للہدنا کا بھی دورہ ہوا۔ بعد مغرب ٹاس اسٹاد کی مسجد میں عمومی اجلاس سے تحریک کے تعارف کیلئے حافظ محبوب صاحب ندائف کا خطاب ہوا اور بعد میں مولانا کا تکمیلی خطاب ہوا اور عمومی مجلس میں عثمان آباد کے چار مراکز نسواں کی تشکیل عمل میں آئی۔

شادی مبارک اور کلیان کاشمی چکیس کی فوری اجرائی کیلئے مشیر آباد تحصیلدار سے کانگریس قائد محمد واجد حسین کی نمائندگی

حیدرآباد، 26/جون (راست) پچھلے کئی مہینوں سے مشیر آباد اسمبلی حلقے کے مختلف محلہ جات سے وابستہ غریب عوام کے شادی مبارک اور کلیان کاشمی کے منظور ہ چیکس ابھی تک تقسیم نہ کئے جانے کی شکایت پر سابقہ کارپوریٹر ومینٹر لیڈر محمد واجد حسین نے مشیر آباد اسمبلی حلقہ کے ٹوڈی وجدہ سے منظور ہ چیکس کی تاریخ ختم ہوگئی اور عوام مسلسل دفتر تحصیلدار کے چکر لگا رہے ہیں۔ لیکن ان کو خواہ مخواہ طرح طرح کے حیلے بہانے دیا جارہا ہے۔ جس سے عوام کافی پریشان ہے۔ تحصیلدار مشیر آباد نے فوری متعلقہ آفسر کو طلب کرتے ہوئے تفصیلات حاصل کیں اور تیقن دیا کہ وہ تمام چیکس جنکی تاریخ ختم ہو چکی ہے وہ تمام چیکس کو متعلقہ ڈپارٹمنٹ کو Re-Validity date کیلئے بھیج کر دوبارہ دس دن میں ان تمام خاندان کے ذمہ داروں کے حوالے کردیئے جائیں گے۔ اس موقع پر محمد رحیم الدین، عبدالکریم، بابی نیازمند و دیگر قائدین موجود تھے۔

خیرامت کا کردار ادا کرنا مسلمانوں کی ذمہ داری: قاری عبدالقیوم شاکر

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) خیرامت کا کردار ادا کرنا مسلمانوں کی ذمہ داری ہے حضورؐ نے امت مسلمہ کو خیرامت بننے کا تاقیام فرد ماباد ل سے یقین کرنا زبان سے اقرار کرنا ایمان کی تکمیل ہے لیکن شریعت نے جو احکامات بتلائے ہیں اس پر عمل کرنا ایمان کا تقاضہ ہے دراصل ایمان اور عمل ایک ہی سکہ کے دو رخ ہیں۔ رسول مقبولؐ نے جہاں آپ میں میل ملاپ کو تلقین فرمایا وہیں برادران وطن سے بھی تعلقات کو بہتر رکھنے اور ایمان کی دعوت دیتے ہوئے خیرامت کا نمونہ پیش کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ ان خیالات کا اظہار خلفائے راشدین صحابہ کرام اور بزرگان دین سے جن لوگوں کو تعلق حاصل ہے ان میں مسلمانوں کے علاوہ دیگر قوم کے افراد کی بڑی تعداد بھی تھی اور آج بھی دیکھنے میں آرہا ہے۔ مذکورہ والے ہوتے ہیں ان کے اردگرد مسلم طبقہ کے افراد جوق درجوق حاضری دیتے ہیں یہ اسلام کی کشش ہے کہ لوگوں کے دل جھک جاتے ہیں یہی طریقہ ہم کو بھی اپنانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار مکہ مسجد میں قرأت واذان کے درس کے دوران قاری محمد عبدالقیوم شاکر نے کیا۔

ایک سالہ تقاریب 60 سالہ خدمات دارالعلوم سیف الاسلام کا اختتام

آج نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ صدق مقال کا انعقاد

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) دارالعلوم سیف الاسلام وبانی مہتمم انس ملت کی 60 سالہ خدمات اعتراف کی ایک سالہ تقاریب کا اختتامی پروگرام بتاریخ 27/جون بروز جمعرات بعد مغرب بمقام مسجد نیلی چنگ خلوت پالیس روڈ دارالعلوم سیف الاسلام میں منعقد ہوگا۔ اختتامی نشست علامہ مولانا مفتی الحاج محمد انوار الحق شیخ الجامعہ نظامیہ کی سرپرستی میں منعقد ہوگا۔ افتتاحی نشست کی نگرانی حضرت مولانا سید محمود پاشاہ قادری زریں کلاہ سجادہ نشین سلطان الواعظین کریں گے۔ طلباء قدیم وجدید کی نشست کی نگرانی حضرت الحاج سید احمد پاشاہ قادری زریں کلاہ معتمد کل بندمجلس اتحاد المسلمین اور نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ صدق مقال کی نگرانی حضرت جلال عارف مقدم الوارث خطبہ استقبالیہ پیش کریں گے مولانا حافظ سلمان سیرودی تعارف پیش کریں، انیس ملت مولانا عرفان اللہ شاہ نوری کی خدمات اعتراف میں تہنیت پیش کی جائے گی۔ حیدرآباد کے ممتاز شعراء کرام شامل طرح مشاعرہ میں مولانا فلک نظامی، سردار سلیم، الحاج اکبر خان اکبر، نورالدین امیر، حافظ شمس الدین زماں، مفتی اختر نیاز، ڈاکٹر طیب پاشاہ قادری، حضرت قاضی شید شاہ، قاری انیس احمد قادری فاضل دینیات، مولانا حافظ محمد عبدالعلیم، الحاج بطلہ امجد علی، ہمین عبدالرزاق شادی، مولانا غلام محمد عبداللہ عامر قادری کامل جامعہ نظامیہ، مولانا شفیق احمد حمید پشتی نیازی، مولانا قاری محمد عاقل پاشاہ پشتی قادری وغیرہ شرکت کریں گے۔ تقاریب کا آغاز ممتاز قاری مولانا حافظ محمد عبدالصمدی صدیقی امام مکہ مسجد تاج قرأت سے ہوگا۔

حیدرآباد ایجوکیشنل فاؤنڈیشن کیلئے تعاون کی اپیل

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) حیدرآباد ایجوکیشنل فاؤنڈیشن شہر کا ایسا واحد ادارہ ہے جو غیر مسلمی دینی تعلیم میں 2017 میں قیام کے بعد اب 12500 طلباء وطالبات کو منظم انداز میں دینی تعلیم سے آراستہ کررہا ہے۔ حیدرآباد ایجوکیشنل فاؤنڈیشن آپ سے مالی تعاون کی اپیل کرتا ہے تاکہ دینی تعلیم کو خاص طور پر انگلش میڈیم اسکولوں میں مزید وسعت دی جاسکے۔ تعلیم کے سلسلہ میں آپ کا مالی تعاون بہترین صدقہ جاریہ ہوگا۔ فون 9000515854 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

ماہانہ طرحی نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ کا کامیاب انعقاد

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) بسلسلہ ماہانہ طرحی مشاعرہ بزم میلاد النبی کے زیر اہتمام بسلسلہ شہادت امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ محفل منقبت کا 27/جون بروز جمعرات بعد نماز عشاء 9 تا 11 بجے شب مرکز مسجد گلی بانو تا پیلی میں منعقد ہوگا، اس اجتماع کا سلطنین تحریک اسلامی کی قرأت کلام پاک ونعت رسولؐ سے آغاز ہوگا۔ امیر تحریک اسلامی مفتی محمد آصف جلال قادری کامل جامعہ نظامیہ کا "شان عثمان غنیؓ" پر خصوصی خطاب ہوگا بعد ازاں ذکر جہری ورقت انگیز دعا وجھی، بارگاہ غیر اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نذرانہ سلام پیش کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ جلتے لگائے جائینگے حلقوں میں ملطنین تحریک اسلامی کو مزین ومنور کرنے مختلف دعا میں یاد کروائینگے۔ اسکے بعد قیام الیل ہوگا شرکائے اجتماع رات اعتکاف کی نیت سے سنی مرکز میں قیام کرینگے اور رات کے آخری حصے میں نماز تہجد ادا کی جائیگی۔ اذان فجر کے بعد علاقے میں صدائے تکبیر لگائی جائیگی۔ نماز کے بعد مختصر بیان ہوگا اور اجتماع کے اختتام پر تحریک اسلامی کی دینی ترتیبی قافلہ 3 دن کے سفر کریگا۔ اس اجتماع کے صدر استقبالیہ محمد جاوید رضا قادری ہونگے۔ فرزاندان اسلام سے معہ دوست احباب کے کثیر تعداد میں شرکت اور ترتیبی قافلے میں سفر کی خواہش پر تحریک اسلامی کے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9885112563 پر رابطہ فرمائیں۔

آج سالانہ محفل منقبت حضرت سیدنا عثمان غنیؓ

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) مرکز بزم میلاد النبی کے زیر اہتمام سلسلہ شہادت امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ محفل منقبت کا 27/جون بروز جمعرات بعد نماز عشاء 9 تا 11 بجے شب مرکز مسجد گلی بانو تا پیلی میں منعقد ہوگا، اس اجتماع کا سلطنین تحریک اسلامی کی قرأت کلام پاک ونعت رسولؐ سے آغاز ہوگا۔ امیر تحریک اسلامی مفتی محمد آصف جلال قادری کامل جامعہ نظامیہ کا "شان عثمان غنیؓ" پر خصوصی خطاب ہوگا بعد ازاں ذکر جہری ورقت انگیز دعا وجھی، بارگاہ غیر اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نذرانہ سلام پیش کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ جلتے لگائے جائینگے حلقوں میں ملطنین تحریک اسلامی کو مزین ومنور کرنے مختلف دعا میں یاد کروائینگے۔ اسکے بعد قیام الیل ہوگا شرکائے اجتماع رات اعتکاف کی نیت سے سنی مرکز میں قیام کرینگے اور رات کے آخری حصے میں نماز تہجد ادا کی جائیگی۔ اذان فجر کے بعد علاقے میں صدائے تکبیر لگائی جائیگی۔ نماز کے بعد مختصر بیان ہوگا اور اجتماع کے اختتام پر تحریک اسلامی کی دینی ترتیبی قافلہ 3 دن کے سفر کریگا۔ اس اجتماع کے صدر استقبالیہ محمد جاوید رضا قادری ہونگے۔ فرزاندان اسلام سے معہ دوست احباب کے کثیر تعداد میں شرکت اور ترتیبی قافلے میں سفر کی خواہش پر تحریک اسلامی کے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9885112563 پر رابطہ فرمائیں۔

سالانہ طرحی نعتیہ ومنقبتی مشاعرہ کا کامیاب انعقاد

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) بسلسلہ ماہانہ طرحی مشاعرہ بزم میلاد النبی کے زیر اہتمام بسلسلہ شہادت امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنیؓ محفل منقبت کا 27/جون بروز جمعرات بعد نماز عشاء 9 تا 11 بجے شب مرکز مسجد گلی بانو تا پیلی میں منعقد ہوگا، اس اجتماع کا سلطنین تحریک اسلامی کی قرأت کلام پاک ونعت رسولؐ سے آغاز ہوگا۔ امیر تحریک اسلامی مفتی محمد آصف جلال قادری کامل جامعہ نظامیہ کا "شان عثمان غنیؓ" پر خصوصی خطاب ہوگا بعد ازاں ذکر جہری ورقت انگیز دعا وجھی، بارگاہ غیر اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نذرانہ سلام پیش کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ جلتے لگائے جائینگے حلقوں میں ملطنین تحریک اسلامی کو مزین ومنور کرنے مختلف دعا میں یاد کروائینگے۔ اسکے بعد قیام الیل ہوگا شرکائے اجتماع رات اعتکاف کی نیت سے سنی مرکز میں قیام کرینگے اور رات کے آخری حصے میں نماز تہجد ادا کی جائیگی۔ اذان فجر کے بعد علاقے میں صدائے تکبیر لگائی جائیگی۔ نماز کے بعد مختصر بیان ہوگا اور اجتماع کے اختتام پر تحریک اسلامی کی دینی ترتیبی قافلہ 3 دن کے سفر کریگا۔ اس اجتماع کے صدر استقبالیہ محمد جاوید رضا قادری ہونگے۔ فرزاندان اسلام سے معہ دوست احباب کے کثیر تعداد میں شرکت اور ترتیبی قافلے میں سفر کی خواہش پر تحریک اسلامی کے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9885112563 پر رابطہ فرمائیں۔

ماہانہ فاتحہ ومحفل سماع

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) ماہانہ فاتحہ حضرت سید شاہ سعدو بے شاطریؒ واقع روبہ ومسجد یسین چنگ دیہر پورہ میں 21/ذی الحجہ بروز جمعہ بعد نماز عشاء مقرر ہے۔ جس میں مجلس حلقہ ذکر اور خصرت سید شاہ حامد حسین شطاری کا بیان ہوگا۔ بعد بیان محفل سماع ہوگی۔ جسکی نگرانی حضرت سید شاہ حامد حسین شطاری کریں گے۔ مزید معلومات 9989190780 پر حاصل کریں۔

میٹرو ریل حیدرآباد کی آمدنی میں اضافہ

حیدرآباد، 26/جون۔ (ایس این پی) ایل اینڈ ٹی میٹرو ریل حیدرآباد نے 31/مارچ کو ختم ہونے والے مالیاتی سال 2023-24 کے دوران آمدنی میں اضافہ نقصانات میں کمی اور حکومت تلنگانہ کی جانب سے 800 کروڑ روپے کے قرض کا اعلان کیا۔ پرنم جس کو حیدرآباد میٹرو ریل کی جانب سے چلایا جارہا ہے اس نے بتایا کہ 2023-24 میں 555.04 کروڑ روپے کے نقصانات ہوئے جبکہ 2022-23 میں 1115.94 کروڑ روپے کے نقصانات ہوئے تھے۔ اس طرح نقصانات میں 58 فیصد کی کمی ہوئی۔ اس سال کے دوران میٹرو کی آمدنی 1399.31 کروڑ روپے رہی تھی جو کہ پچھلے سال میں 682.52 کروڑ روپے تھی۔ آمدنی میں 105 فیصد اضافہ ہوا۔

ٹریفک کنٹرول کیلئے این ایس ایس والینٹرس

حیدرآباد، 26/جون۔ (ایس این پی) این ایس ایس والینٹرس اب ٹریفک پولیس کے ساتھ ٹریفک پر باقاعدگی اور شہریوں میں سڑکوں پر بحفاظت گاڑیاں چلانے کے بارے میں شعور پیدا کرنے کا کام انجام دیں گے۔ ڈائرکٹر جنرل پولیس تلنگانہ روی گپتا نے پیر کے دن 300 کے لگ بھگ این ایس ایس کیڈٹس کے ساتھ اس پروگرام کا افتتاح کیا۔ این ایس ایس کیڈٹس باقاعدہ طور پر ٹریفک پولیس کے ساتھ تال میل برقرار رکھیں گے۔ ڈائرکٹر ٹریفک پولیس کی جانب سے والینٹرس کو ٹریفک قواعد کے تعلق سے ٹریفک ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ گوشہ محل میں تربیت فراہم کی جارہی ہے۔

اکاؤنٹنگ پیکیجس آٹو کیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاسس

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) طلبہ وطالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہیں اور آئندہ بہتر مند وخود مکتفی بننے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت انتظام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر ہارڈ ویئر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈ ویئر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین وطالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ ایس ایس سی، انٹر، ڈگری میں جو طلباء کا رہوں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ناسس کالج چار مینار، اندرون لس اسٹاد پر صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک یا فون نمبر 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

کامیاب طرحی مشاعرہ کا انعقاد

حیدرآباد، 26/جون۔ (راست) ادار